# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: "شعری اصناف: تعارف و تفہیم "(9037) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس اردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: سراج اورنگ آبادی کی حمد میں موجود صوفیانہ عناصر اور محسن کاکوروی کی نعت میں موجود کائناتی شعور کا تقابلی جائزہ لیں۔(20)

سوال 2: حسرت موہانی کی سیاسی بیداری کا جائزہ لیں کہ انھوں نے غزل کے روایتی حسن و عشق کو کیا نئی وسعت دی؟ (20)

سوال 3: میر حسن کی 'سحر البیان' میں موجود لکھنوی معاشرت کی جزئیات نگاری کا پنڈت دیا شنکر نسیم کی 'گلزارِ نسیم' کے ایجاز و اختصار سے تقابل کریں۔ (20)

سوال 4: میر انیس کی مرثیہ نگاری میں انسانی جذبات نگاری اور خاندانی رشتوں کے تقدس کا احوال بیان کریں۔ (20)

سوال 5: مرزا رفیع سودا کے ہجویہ قصائد اور شیخ محمد ابراہیم ذوق کی مدحیہ شاعری کا تجزیہ کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: میر حسن کی مثنوی 'سحر البیان' کے لکھنوی معاشرت اور جزئیات نگاری پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 2: نظیر اکبر آبادی کی عوامی نظم نگاری میں موجود ہندوستانی ثقافت کے تنوع کا تنقیدی محاکمہ پیش کریں۔ (20)

سوال 3: تصدق حسین خالد اور ن م راشد کی آزاد نظموں کے ہیئتی تجربات کا تقابل کرتے ہوئے بتایئے کہ انہوں نے روایتی شعری آہنگ کو کیسے بدلا؟ (20)

سوال 4: مغرب سے مستعار لی گئی اصناف (سانیٹ، کینٹو، لرک) کے ہیئتی تجربات اردو کی مقامی اصناف میں کس طرح دکھائی دیتی ہیں؟ (20)

سوال 5: گیت اور دوہے کی قدیم ہندی آمیز لسانی روایت کا تنقیدی جائزہ لیں اور مثالوں سے وضاحت کریں۔ (20)